
© rasailojaraid.com



جناب اختر راہی ایم اے

## تعارف و تبصرہ

# کُتب

الصحیح المسلم (انگریزی ترجمہ مع تشریحی حواشی) جلد اوّل | مؤلف: ابوالحسین عساکرالدین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری ——— ترجمہ و تشریح: عبدالحمید صدیقی ——— شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور ——— صفحات: ۳۸۴ ——— تقطیع کلاں ——— قیمت: ۵۵/ روپے ——— طباعت و کتابت و جلد: نفیس۔

قرآن کریم کی تفہیم کے لئے احادیث نبوی کا مطالعہ ناگزیر ہے۔ قرآن کریم کے کئی تراجم اپنوں اور غیروں کی کوششوں سے منظرِ عام پر آچکے ہیں، مگر احادیث کی طرف چنداں توجہ نہیں دی گئی۔ بعض غیر مسلم مستشرقین نے تراجم کا سلسلہ شروع کیا۔ مثلاً ڈاکٹر جیمس رابسن (Dr. JAMES ROBSON) نے مشکوٰۃ المصابیح کو انگریزی کے قالب میں ڈھالا۔ مگر ایسے مترجمین کی عربی زبان و ادب سے ناواقفیت اور قرآن و سنت کے مطالعہ کی کمی نیز اپنے مخصوص مقاصد کی بنا پر ان کے تراجم اعتماد کے لائق نہیں۔

صحیح مسلم کا شمار احادیث کی اُن چھ کتابوں میں ہوتا ہے جو مستند ترین سمجھی جاتی ہیں ان میں سے صرف صحیح بخاری کا ترجمہ نومسلم علامہ محمد اسد نے شروع کیا تھا۔ مگر اُسے پایۂ تکمیل تک نہ پہنچا سکے۔ عصرِ حاضر کی شدید ضرورت ہے کہ احادیث نبوی کے مستند مجموعے خصوصاً صحاح ستہ کو انگریزی اور دوسری زبانوں میں ڈھالا جائے، تاکہ قرآن کریم کو سمجھنے کے لئے غیر مسلم دنیا اور انگریزی تعلیم یافتہ طبقہ ان سے خاطر خواہ استفادہ کر سکے۔ اللہ تعالیٰ عبدالحمید صدیقی صاحب کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے اس نیک کام کا بیڑا اٹھایا ہے اور ان کی محنت ہمارے سامنے ہے۔ موصوف انگریزی اور اردو کی متعدد کتابوں کے مصنف اور صاحبِ نظر عالم ہیں۔ عربی اور انگریزی دونوں زبانوں پر یکساں عبور رکھتے ہیں ——— زیرِ نظر جلد اوّل۔ کتاب الایمان، کتاب الطہارت، کتاب الحیض اور کتاب الصلوٰۃ کی ۱۴۵۴ احادیث کے ترجمہ اور تشریحی حواشی پر مشتمل ہے۔ مترجم نے تشریحی حواشی لکھنے میں محدثین کرام کی مستند شروح سے استفادہ کیا ہے۔ اور رجال کے سوانحی حالات کے لئے تہذیب التہذیب (ابن حجر عسقلانی)

© rasailojaraid.com